رسول اللہ ﷺ اپنی نماز کا آغاز "اللَّهُ أَكْبَرُ" کہہ کر فرمایا کرتے تھے اور الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ سے قراءت شروع کر تے تھے اور جب آپ ﷺ رکوع کرتے تو نہ اپنا سر اونچا رکھتے اور نہ اُسے جھکائے رکھتے بلکہ درمیان میں رکھتے

عائشہ رضي الله عنها کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی نماز کا آغاز "اللَّهُ أَكْبَرُ" کہہ کر فرمایا کرتے تھے اور الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ سے قراءت شروع کر تے تھے اور جب آپ ﷺ رکوع کرتے تو نہ اپنا سر اونچا رکھتے اور نہ اُسے جھکائے رکھتے بلکہ درمیان میں رکھتے اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو سجدے نہ کرتے یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہوجاتے اور جب سجدے سے سر اٹھاتے تو دوسرا سجدے نہ کرتے یہاں تک کہ بالکل سیدھے بیٹھ جاتے اور ہر دو رکعت کے بعد ''التحیات'' پڑھتے اور جب بیٹھتے تو بایاں پاؤں بچھاتے اور داہنا پاؤں کھڑا رکھتے اور شیطان کی طرح بیٹھنے سے اور درندوں کی طرح ہاتھ بچھانے سے منع کرتے نیز نماز سلام سے ختم کرتے

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے]

عائشہ رضی اللہ عنہا اس مبارک حدیث کے ذکر سے نبی ﷺ کی نماز کی کیفیت بیان کر رہی ہیں- سنت کی نشروا شاعت اور علم کو ایک دوسرے تک پہنچانے کے مقصد سے بایں طور کہ آپ ﷺ اپنی نماز کا آغاز تکبیر تحریمہ یعنی "اللَّهُ أَكْبَرُ" کہہ کر فرمایا کرتے تھے اور قراءت کی ابتداء فاتحۃ الکتاب کے ذریعے جس کی پہلی آیت الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ہے اور آپ ﷺ جب قیام کے بعد رکوع میں جاتے تو اپنا سر نہ بہت زیادہ اونچا رکھتے اور نہ اُسے جھکائے رکھتے بلکہ اسے درمیان میں رکھتے اورجب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو سجدے کرنے سے پہلے سیدھے کھڑے ہوجاتے اور جب سجدے سے سر اٹھاتے تو دوبارہ سجدے نہ کرتے یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہوجاتے اور ہر دو رکعت کے بعد جب بیٹھتے " التَّحِيَّاتُ لِلَّهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ..." آخر تک پڑھتے اور جب بیٹھتے تو اپنا بایاں پاؤں بچھاتے اور اس پر بیٹھتے اور اپنا داہنا پاؤں کھڑا رکھتے آپ ﷺ اس بات سے منع کرتے کہ نمازی اپنی نماز میں کُتے کے بیٹھنے کی طرح بیٹھے بایں طورکہ اپنے دونوں قدموں کو زمین پر بچھادے اور ایڑیوں پر بیٹھ جائے یا دونوں قدموں کو گاڑ کر ایڑیوں پر سرین رکھ کر زمین پر بیٹھ جائے یہ دونوں ہی صورتیں ممنوع ہیں، اسی طرح آپ ﷺ نے اس بات سے بھی منع فرمایا کہ نمازی نماز میں اپنے دونوں بازوں کو بچھائے اور ان دونوں کو سجدے کی حالت میں پھیلائے درندوں کے ہاتھ بچھانے کی طرح اور آپ ﷺ جس طرح نماز کا آغاز اللہ کی بڑائی اور کبریائی سے شروع کرتے تھے اسی طرح وہاں پر موجود فرشتے مصلیوں اور دیگر بندگانِ رب پر سلام سے اپنی نماز ختم کرتے اس لیے نمازی کے لیے ضروری ہے کہ اپنی دعا میں اس عموم کو حاضر رکھے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5216